ٹیچرز گائیڈ

کلاس 4 کے لئے

ٹیچر کیلئے نوٹ

- کہانی اور اس سے متعلقہ activities کو اس طرح لے کر چلیں کہ بچے سوچنے اور سیکھنے میں دلچسپی لیں۔
- اس بات کا خیال رکھیں کہ لکھنے اور پڑھنے کے ساتھ ساتھ بچوں میں خود اعتمادی سے بات چیت کرنے کی صلاحیت بھی پیدا ہو۔ یہی وجہ ہے کہ اس ٹیچرز گائیڈ میں بچوں کے ساتھ گفتگو پر زور دیا گیا ہے۔
- بچوں سے کہانی اور تصویر دونوں کے حوالے سے بات چیت کریں۔ ان کی بات یا جوابات کو غلط نہ کہیں' جہاں ضرورت ہو وہاں پیار سے اصلاح کریں۔
- ہر تحریری کام سے پہلے بچوں کو سمجھائیں کہ انہیں کیا کرنا ہے۔
- اس بات کا خیال رکھیں کہ کلاس میں گفتگو کے دوران سب بچے ایک ساتھ نہ بولیں۔ ایک وقت میں ایک بچہ بولے اور کلاس میں discipline قائم رہے۔
- جہاں بھی ضرورت محسوس ہو کلاس میں اور گھر کے کام میں revision کا کام کرائیں۔
- اس ٹیچرز گائیڈ میں 5 سیشن ہیں۔ ہر سیشن 45 منٹ کا ہے۔ اگر آپ کے اسکول میں ایک پیریڈ کا دورانیہ 45 منٹ سے کم یا زیادہ ہو تو سیشن میں رد و بدل کر لیں۔
- اگر کسی روز سیشن میں وقت بچ جائے تو کبھی دہرائی کرائیں' کبھی کہانی سنائیں اور کبھی بچوں کو ان کی مرضی کا کوئی کام کرنے کے لئے دیں۔
- گھر کا کام ہمیشہ بورڈ پر لکھیں۔ بچے اپنی کوپی میں اتاریں۔

سیشن 1

10 منٹ	• کہانی کی کتابیں بچوں میں تقسیم کریں۔ کہانی کی پڑھائی سے پہلے درج ذیل سوالات زبانی بچوں سے پوچھیں۔ 1) آپ میں سے کس کس کا چھوٹا بھائی یا بہن ہے۔ 2) کیا آپ اپنے چھوٹے بھائی بہن کا خیال رکھتے ہیں۔ 3) اگر آپ کا چھوٹا بھائی بہن شرارتیں کرے تو آپ کا رویہ کیسا ہوتا ہے۔ خاص طور پر جب امی ابو گھر پر موجود نہ ہوں تو۔ - بچوں کو جوابات دینے کا موقع دیں۔
10 منٹ	• کہانی تاثرات کے ساتھ پڑھ کر سنائیں۔
10 منٹ	• کہانی کے حوالے سے درج ذیل سوالات کریں۔ 1) آپ کو کہانی کیسی لگی۔ 2) آپ کے خیال میں انعم کتنے سال کی ہوگی۔ 3) عالیہ اسفندیار سے بڑی ہے یا چھوٹی۔ 4) امی کی غیر موجودگی میں انعم کا خیال کس نے زیادہ رکھا۔ اسفندیار نے یا عالیہ نے۔ 5) کہانی کا آخری صفحہ غور سے دیکھیئے اور بتایئے اس میں کیا ہورہا ہے۔ - مندرجہ بالا کام مکمل ہونے کے بعد بچوں سے کہیں کہ،
10 منٹ	• امی / ابو کے جانے کے بعد انعم نے جو شرارتیں کیں۔ انھیں اپنی کوپی میں لکھیں۔ مثلاً 1) میز کے نیچے چھپ گئی۔ 2) کتابیں گرادیں۔ 3) اخبار کے صفحہ الگ کردیئے۔

گھر کا کام

5 منٹ
- کلاس میں کروایا جانے والا کام مکمل کر کے لائیں۔

سیشن 2

10 منٹ
- کلاس کے 8-6 بچوں سے کہیں کہ وہ انعم کی شرارتوں کی جو فہرست بنا کر لائے تھے وہ پڑھ کر سنائیں۔

10 منٹ
- کہانی میں سے بلند آواز میں پڑھائی کروائیں۔ کہانی کی پڑھائی کے دوران بچوں کی توجہ روز مرہ استعمال ہونے والے انگریزی زبان کے الفاظ کی طرف کرائیں۔ مثلاً
شیلف، گیم، کمپوٹر، جیلی وغیرہ

20 منٹ
- کہانی کی پڑھائی کے بعد بچوں سے کہیں وہ کہانی میں سے چُن کر ایسے انگریزی الفاظ کی فہرست بنائیں جو ہم روز مرہ استعمال کرتے ہیں۔ اس فہرست میں پانچ مزید الفاظ کا اضافہ کریں۔ اس کے بعد ان میں سے کسی پانچ الفاظ کو جملوں میں استعمال کریں۔

گھر کا کام

5 منٹ
- گھر سے اپنے پسندیدہ کارٹون کی تصویر لائیں۔

ٹیچر کے لئے نوٹ

سادہ سفید کاغذ، کلر پینسل، مارکر وغیرہ لے کر کے آئیں۔(سفید کاغذ کو"8 x "4 کی پٹیوں (strips) میں کاٹ لیں)۔

سیشن 3

10 منٹ
- بچوں سے ان کے پسندیدہ کارٹون کا نام پوچھیں۔ بچے یہ بھی بتائیں انھیں یہ کارٹون کیوں پسند ہے۔ وہ گھر میں کس کے ساتھ بیٹھ کر یہ کارٹون دیکھتے ہیں۔

30 منٹ
- اب بچوں میں کاغذ کی الگ الگ پٹیاں (strips)، پینسلیں، مارکرز بانٹیں۔ بچوں سے کہیں کہ اپنے لائے ہوئے پسندیدہ کارٹون کی تصویریں strip پر چپکائیں اور چند مکالمے لکھیں۔ (جو بچے تصویریں نہیں لائیں ہیں وہ خود بنالیں)۔
  - بچے جب یہ کام مکمل کرلیں تو ٹیچر اس کام کا ڈسپلے کلاس میں کریں۔

گھر کا کام

5 منٹ
- کہانی کے صفحہ نمبر7-1 تک میں سے الفاظ کا املا ہو گا صفحہ نمبر 9-8 میں سے پیراگراف کا املا لیا جائے گا۔

سیشن 4

15 منٹ
- بچوں سے کہیں کہ اپنی کاپی نکالیں۔ الفاظ اور پیراگراف کا املا کرائیں۔

10 منٹ
- املا کی اصلاح کرائیں۔
  - بچوں سے کہیں کہ دو دو بچے آپس میں کوپی تبدیل کریں۔
  - جس پیراگراف اور الفاظ سے املا لیا گیا تھا وہ بورڈ پر لکھیں۔ بچوں سے کہیں کہ بورڈ پر لکھے گئے الفاظ اور پیراگراف دیکھ کر ایک دوسرے کا املا چیک کریں اور پھر کوپی ایک دوسرے کو واپس کر دیں۔

- بعد میں خود بھی بچوں کی کوپی چیک کر کے نمبر دیں اور ان کی حوصلہ افزائی کریں۔

15 منٹ
- کہانی میں سے واحد جمع کی فہرست بنوائیں۔

واحد	جمع
کمرا	کمرے
گڑیا	گڑیاں
پیالہ	پیالے

واحد	جمع
اخبار	اخبارات
میز	میزیں
کپڑا	کپڑے

- واحد جمع کی فہرست میں سے کسی پانچ الفاظ کے جملے بنوائیں۔

گھر کا کام

5 منٹ
- اپنے پسندیدہ بسکٹ کا ریپر کوپی میں لگائیں اور اس کے بارے میں پانچ جملے لکھیں۔

سیشن 5

15 منٹ
- بچے گھر سے جو کام کر کے لائے ہیں اس کے حوالے سے 6-8 بچوں سے کہیں کہ وہ اپنے پسندیدہ بسکٹ کے بارے میں پڑھ کر سنائیں۔

20 منٹ	• مندرجہ بالا کام مکمل ہونے کے بعد بچوں سے کہیں کہ امی/ابو کے جانے کے بعد کے عنوان سے مضمون کی لکھائی کا کام کریں۔ یہ لکھیں کہ امی/ابو کے گھر سے جانے کے بعد وہ کیا کرتے ہیں۔
10 منٹ	• کلاس کے وہ بچے جنہیں اداکاری کا شوق ہے ان میں سے کسی تین کو بلائیں۔ کہانی کے تینوں کرداروں کے مطابق کلاس میں رول پلے کریں۔

انعم کا خیال رکھنا

ٹیچرز گائیڈ

bookgroup
187/2-C, Block 2, PECHS, Karachi: Phone 3431-0641, 3453-8221
e-mail: info@bookgroup.org.pk
www.bookgroup.org.pk